NHS

UK Health Security Agency

# آپ کے بچے کی ہیپاٹائٹس بی کے خلاف

ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی مدد سے حفاظت



immunisation

خود کو اور اپنے بچے کو بچانے کا محفوظ ترین طریقہ

## ہیپاٹائٹس بی انفیکشن اور آپ کے بچے کو خطرہ

برطانیہ میں ہر سال تقریباً 3000 بچے ایسی خواتین کے گھر پیدا ہوتے ہیں جنہیں ہیپاٹائٹس بی انفیکشن ہوتی ہے۔ یہ انفیکشن وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے جو خون کے ذریعے پھیلتا ہے اور جگر پر حملہ آور ہوتا ہے۔

دورانِ زچگی آپ کے بچے کا اتصال ہر وقت آپ کے خون سے رہتا ہے جس کی وجہ سے امکان ہوتا ہے کہ وائرس آپ کے بچے کو منتقل ہوجائے۔ اگر ایسا ہوجائے تو آپ کے بچے کو انفیکشن ہوسکتی ہے۔ خطرے سے دوچار 10 میں سے 9 بچوں کو دائمی (طویل المدتی) انفیکشن ہوجائے گی۔

اِس سے جگر کے داغدار ہونے (سروسس) اور جگر کے سرطان جیسی بیماریاں ہوسکتی ہیں - جو دونوں ہی جگر کو مناسب طریقے سے کام کرنے سے روک دیتی ہیں۔

### ہیپاٹائٹس بی کی انفیکشن کا ویکسینیشن کے ذریعے تدارک ہوسکتا ہے

## آپ اپنے بچے کو کیسے بچا سکتے ہیں

اپنی مڈوائف سے بات کریں اور جتنی جلدی آپ کے لیے ممکن ہو اپنے بچے کو جی پی کے پاس رجسٹر کروائیں تاکہ اُن کی ویکسینیشن آرڈر کی جاسکے - دیکھیئے صفحہ 6۔ یہ یقینی بنائیں کہ آپ:

- ☑ کے بچے کو پیدائش سے لے کر درست عمر پر ویکسیننشن ملے
- ☑ آپ کا بچہ ویکسینیشن کا مکمل کورس پورا کرے
- ☑ آپ کا بچہ ایک سال کی عمر تک پہنچنے پر خون کا ٹیسٹ کروائے

## ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین آپ کے بچے کی حفاظت کرسکتی ہے

آپ کے بچے کی طویل المدتی (دائمی) ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کے خلاف مکمل حفاظت کرنے کے لیے ویکسینز کی 6 خوراکوں کا مکمل کورس درکار ہے۔ ویکسین کا چھوٹا سا ٹیکہ ران میں لگایا جاتا ہے۔

## آپ کی مڈوائف کو معلوم ہوگا کہ آپ کے بچے کو پیدائش کے 24 گھنٹوں کے اندر ہیپاٹائٹس بی ویکسین کی پہلی خوراک ملنی چاہیے

اگر انفیکشن کا زیادہ خطرہ ہو تو آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی کی امینوگلوبیولن (ایچ بی آئی جی) کی بھی اُسی وقت ضرورت ہوتی ہے جس وقت اُسے ویکسین کی پیدائشی خوراک دی جاتی ہے۔ اگر اِس کی ضرورت ہو گی تو آپ کی مڈوائف آپ کو بتا دے گی۔ ایچ بی آئی جی بھی ران میں سنگل خوراک کے طور پر دی جاتی ہے۔



## ویکسین کا کورس مکمل کرنا

**ہیپاٹائٹس بی ویکسین کی دوسری سنگل خوراک 4 ہفتے کی عمر میں دینے کی ضرورت ہوگی۔**

**ہیپاٹائٹس بی ویکسین کی اگلی تین خوراکیں تمام بچوں کو مشترکہ ویکسین کی صورت میں 8، 12 اور 16 ہفتوں کی عمر میں دی جاتی ہیں۔** یہ ویکسین دیگر سنگین انفیکشنز جیسے خُناق، تشنج، پولیو، کالی کھانسی اور ہیموفیلس انفلوائنزا ٹائپ بی کے خلاف بھی حفاظت کرتی ہے۔

**آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی ویکسین کی حتمی سنگل خوراک ایک سال کی عمر میں دی جانی چاہیے۔** یہ خوراک معمول کی دیگر ویکسینز کے ساتھ دی جانی چاہیے۔

اگر آپ کسی اپائنٹمٹ کے لیے نہ پہنچ سکیں تو جتنی جلدی ممکن ہو اپنے جی پی کو بتائیں تاکہ کسی اور اپائنٹمنٹ کا بندوبست کیا جاسکے۔

## آپ کے بچے کی انفیکشن کا ٹیسٹ

ہر سال نوعمر بچوں کی تھوڑی سی تعداد کو انفیکشن ہوسکتی ہے اِس لیے اُنہیں ایک سال کا ہونے پر خون کا ٹیسٹ کروانے کی پیش کش کی جاتی ہے۔ اِس کا مقصد یہ چیک کرنا ہوتا ہے کہ ویکسیز نے اُنہیں ہیپاٹائٹس بی ہونے سے بچایا ہے۔

ایسا کرنے کے دو طریقے ہوسکتے ہیں اور آپ کا جی پی، ہیلتھ وزٹر یا پریکٹس نرس آپ کو بتائیں گے کہ آپ کے بچے کا کونسا ٹیسٹ ہوگا۔

1. ہیل پرِک ڈرائڈ بلڈ سپاٹ (ڈی بی ایس) ٹیسٹ جس میں آپ کے بچے کی ایڑی میں ایک تیز سوئی چبھوئی جاتی ہے اور ایک کارڈ پر خون کے چند قطرے گرائے جاتے ہیں جو ٹیسٹ کروانے کے لیے بھیج دیا جاتا ہے۔
2. آپ کے بچے کے بازو یا ہاتھ کی نس سے ٹیسٹ کے لیے خون لیا جاتا ہے۔

اگر اُنہیں انفیکشن نکل آئے تو اُنہیں جگر کی مہلک بیماری ہونے سے بچانے کے لیے علاج کروانے کے لیے سپیشلسٹ کے پاس بھیجا جاتا ہے۔

اگر کسی نومولود بچے کو انفیکشن ہوجائے تو اُسے بغیر کسی نشان یا علامات کے طویل المدتی (دائمی) انفیکشن ہونے کا امکان ہے۔ **چنانچہ اگر آپ کے بچے کو انفیکشن کا نشان یا علامات نہ بھی ہوں تو پھر بھی اُن کے خون کا ٹیسٹ کروانا چاہیے۔**

90% بچوں کو انفیکشن ہونے سے بچایا جاسکتا ہے اگر پیدائش کے وقت اُنہیں پہلی خوراک دے دی جائے اور بر وقت پورا کورس مکمل کروا لیا جائے۔



**یہ بات یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کے بچے کو اُن کی ویکسین بر وقت ملیں، اُنھیں جتنی جلدی ممکن ہوسکے جی پی کے ساتھ رجسٹر کروائیں**

آپ اِس پتے پر جا کر جی پیز کی مکمل لسٹ دیکھ سکتے ہیں
**www.nhs.uk/Service-Search/GP/LocationSearch/4**

## گھر پر پیدائش

اگر آپ کا بچہ گھر پر پیدا ہوا ہو تو اپنی مڈوائف سے معلوم کریں کہ آیا انھوں نے ویکسین (اور اگر ضرورت ہو تو امینوگلوبیلن) کی پہلی خوراک آرڈر کردی ہے تاکہ یہ آپ کے بچے کو پیدائش کے 24 گھنٹے کے اندر دی جاسکے۔

## گھر بدلنا

اگر آپ گھر بدلیں تو یہ ضروری ہوگا کہ آپ اپنی ہیلتھ وزٹر کو مطلع کریں اور جتنی جلدی ممکن ہو سکے اپنے بچے کو نئے جی پی کے ساتھ رجسٹر کروائیں تاکہ وہ ویکسین کا کورس مکمل کریں۔

اپنے جی پی کو بتائیں کہ آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی کا کورس مکمل کروانا درکار ہے اور 12 ماہ کا ہونے پر خون کا ٹیسٹ کروائیں کیونکہ ممکن ہے کہ پیدائش کے وقت اُن کا وائرس سے اتصال ہوا ہو۔

## کسی دوسرے ملک جانا

اگر بچے کی عمر ایک سال مکمل ہونے سے پہلے آپ کسی دوسرے ملک جا بسیں تو جی پی کو بتائیں اور اپنے نئے ملک میں فیملی ڈاکٹر کے ساتھ رجسٹر ہونا مت بھولیں۔

اپنے بچے کی سُرخ کتاب اپنے ساتھ لے جائیں اور یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی ویکسینز کی تمام خوراکیں بروقت ملیں اور 12 ماہ کا ہونے پر اُس کے خون کا ٹیسٹ ہو۔

## بچے جنھیں ہسپتال میں داخل رہنا پڑے

اگر آپ کے بچے کو ہسپتال میں داخل رہنا پڑے تو اُسے ویکسین کی دوسری خوراک اُس وقت ملنی چاہیے جب وہ 4 ہفتے کا ہو جائے اور پھر صفحہ 7 پر دیے ہوئے شیڈیول پر عمل کرنا جاری رکھیں۔

## ذیل میں اپنے بچے کی اپائنٹمٹس اور ویکسینیشن کی تاریخوں کا ریکارڈ رکھیں۔

اِنہیں آپ کی مڈوائف، ہیلتھ ویزٹر
پریکٹس نرس اور جی پی آپ کے بچے کی ریڈ بُک
میں بھی درج کریں گے (پرسنل چائلڈ ہیلتھ ریکارڈ)

| اپائنٹمنٹ کی تاریخ | کس عمر میں | ویکسین | تاریخ جس پر ویکسین دی گئی |
|---|---|---|---|
| | پیدائش | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی سنگل خوراک | |
| | ایچ بی آئی جی (حسب ضرورت) | | |
| | 4 ہفتے | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی سنگل خوراک | |
| | 8 ہفتے | بچپن میں معمول کی ویکسینز (اس میں ہیپاٹائٹس بی کے خلاف حفاظت موجود ہے) | |
| | 12 ہفتے | بچپن میں معمول کی ویکسینز (اس میں ہیپاٹائٹس بی کے خلاف حفاظت موجود ہے) | |
| | 16 ہفتے | بچپن میں معمول کی ویکسینز (اس میں ہیپاٹائٹس بی کے خلاف حفاظت موجود ہے) | |
| | 12 ماہ | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی سنگل خوراک | |
| | | یہ چیک کرنے کے لیے خون کا ٹیسٹ کہ کہیں آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی کی انفیکشن تو نہیں ہے | |

**اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو اپنی مڈوائف، ہیلتھ وزٹر، پریکٹس نرس یا جی پی سے بات کریں۔**




## برائے یاد دھانی

# ہر اپائنٹمنٹ کے وقت اپنے بچے کی ریڈ بُک (پی سی ایچ آر) ساتھ لائیں

**یہ ضروری ہے کہ آپ کے بچے کو مندرجہ ذیل جدول میں دی ہوئی تمام خوراکیں اُنہیں انفیکشن سے بچانے کے لیے درست وقت پر ملیں**

| کس عمر میں | ویکسین |
|---|---|
| پیدائش | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی سنگل خوراک |
| 4 ہفتے | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی سنگل خوراک |
| 8 ہفتے | بچپن میں معمول کی ویکسینز (اِس میں ہیپاٹائٹس بی کے خلاف حفاظت موجود ہے) |
| 12 ہفتے | بچپن میں معمول کی ویکسینز (اِس میں ہیپاٹائٹس بی کے خلاف حفاظت موجود ہے) |
| 16 ہفتے | بچپن میں معمول کی ویکسینز (اِس میں ہیپاٹائٹس بی کے خلاف حفاظت موجود ہے) |
| 12 ماہ | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی سنگل خوراک |
| | یہ چیک کرنے کے لیے خون کا ٹیسٹ کہ کہیں آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی کی انفیکشن تو نہیں ہے |



## اپنے بچے کی ویکسینز اپ ٹوڈیٹ رکھیں

## ہیپاٹائٹس بی کے بارے میں مزید معلومات موجود ہے:

**NHS چوائسز:**

www.nhs.uk/conditions/hepatitis-b پر

**چلڈرنز لیور ڈیزیز فونڈیشن**

عمومی سوالات: 0121 212 3839

www.childliverdisease.org

ای میل info@childliverdisease.org

**برٹش لیور ٹرسٹ**

عمومی سوالات: 01425 481320

www.britishlivertrust.org.uk

ہیلپ لائین انکوائریز:

helpline@britishlivertrust.org.uk

© Crown copyright 2023 – URDU; 410230BUR 100K Nov 2023;
UKHSA gateway number 2023478